روس کے قریب جائے گی اور یہ سارا نقشہ ہرگز آپ کے حق میں نہیں ہوگا۔

❁ جہاں تک جلال آباد میں جنگ اور مجاہدین کے حملوں کا فوری نتیجہ خیز ثابت ہونے کی بات ہے تو اس سلسلہ میں گذارش ہے کہ افغان مجاہدین نے اس سلسلہ میں کوئی لاف زنی نہیں کی، یہ ساری پیشین گوئیاں واشنگٹن کی تھیں رومانٹیک اعلانات آپ نے کئے ایسے حساس ترین وقت میں اسلحہ کی ترسیل روکنا حد درجہ نامناسب منافقانہ اور مذموم فعل تھا جس کا خود وزیراعظم بے نظیر بھٹو نے اپنے انٹرویو میں بھی اعتراف کیا ہے۔

❁ جلال آباد کی جنگ سے متعلق جہاں تک میرا خیال ہے اور یہ درست بھی ہے اور اس کے کافی قرائن اور شواہد بھی ہیں کہ آپ ہی کے مشورہ اور ہدایات کے بنا پر پلاننگ ہوئی۔ روس بھی چار ہزار بلین ڈالر کے ہتھیار کا اعتراف کرچکا ہے۔ روس کی ۳۶۰۰ فلائٹ کابل پہ اتر چکی ہیں کٹھ پتلی افغان حکومت اور روس کی بھرپور مدافعت اور لگاتار ہوائی حملوں کے باوجود افغان مجاہدین پامردی سے ڈٹے رہے۔

امریکہ کے مختلف شہروں میں استقبالیہ تقریبات اور مسلمانوں کے مختلف اجتماعات سے خطاب

❁ واشنگٹن میں ان اہم ملاقاتوں اور مذاکرات کے علاوہ بھی وہاں کے مسلمانوں کی مختلف سیاسی وسماجی اور دینی تنظیموں کی طرف سے مختلف شہروں میں دئے جانے والے استقبالیوں میں شرکت کی۔ مرکزی اسلامک سنٹر آرلنگٹن میں نماز جمعہ کے اجتماع سے خطاب فرمایا۔ نیویارک میں بھی استقبالیہ تقریبات میں شرکت کی۔ مولانا سمیع الحق نے ان اجتماعات میں بھی مسلمانوں کو امریکہ اور یورپ میں عالم اسلام بالخصوص پاکستان اور جہاد افغانستان کے خلاف سرگرم عمل لابیوں پر کڑی نگاہ رکھنے کی تلقین کی۔ اور انہیں ملک اور عالم اسلام کے خلاف امریکہ اور برطانیہ میں کی جانے والی سازشوں سے باخبر رہنے اور اپنا کردار ادا کرنے پر زور دیا۔

ویمبلے ہال لندن اور شکاگو میں عالمی ختم نبوت کانفرنس میں شرکت اور برطانیہ کے اہم شہروں کا دورہ اور اجتماعات سے خطاب

جب کہ اس سے قبل حضرت مولانا سمیع الحق مدظلہ نے برطانیہ کے مختلف شہروں کا دورہ کیا۔ اکتوبر کے آغاز میں ویمبلے ہال لندن میں پانچویں سالانہ عالمی ختم نبوت کانفرنس میں شرکت کے علاوہ برمنگھم، شیفلیڈ

مانچسٹر اور گلاسکو میں مختلف جلسوں سے خطاب کے دوران اس امر پر زور دیا کہ دنیا بھر میں رہنے والے پاکستانیوں کو اپنے ملک کی نظریاتی سرحدوں اور اسلامی تشخص کے تحفظ کی جدوجہد میں بھرپور کردار ادا کرنا چاہیئے۔

انہوں نے اجتماعات سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا۔ کہ عالمی استعماری قوتیں پاکستان کے اسلامی تشخص کو ختم کرنے اور اسے ایک سیکولر ریاست بنانے پر تلی ہوئی ہیں۔ اور ان کی ایجنٹ لابیاں پاکستان میں مسلسل سرگرم عمل ہیں۔ کمیونسٹ اور مغربی طاقتیں دونوں، عالم اسلام میں اسلامائیزیشن کی ابھرتی ہوئی تحریکات سے خوفزدہ ہیں اور نفاذ اسلام کی جدوجہد کو سبوتاژ کرنے کے لئے سازشیں کر رہی ہیں۔ افغان مجاہدین نے اپنے وطن کی آزادی اور پاکستان کی سالمیت کی جو جنگ چودہ لاکھ افغانوں کی قربانی کے ساتھ میدان میں جیتی ہے آج اسے سازشوں کے ساتھ شکست میں تبدیل کیا جا رہا ہے۔ اور اس گھناؤنی سازش میں واشنگٹن، اسلام آباد اور ماسکو کے درمیان خفیہ گٹھ جوڑ ہو چکا ہے۔ ایسے حالات میں یہاں رہنے والے مسلمان اپنے اثر رسوخ، تعلقات اور عمل و کردار سے ایک مؤثر کردار ادا کر سکتے ہیں۔ مجھے یقین ہے کہ جس طرح آپ حضرات دیگر علمی و دینی، مذہبی اور تبلیغی امور میں اپنے خلوص و محبت اور سرگرمی کا مظاہرہ کر رہے ہیں پاکستان میں اسلامی انقلاب اور افغانستان میں مستحکم اسلامی حکومت کے قیام و استحکام کے سلسلہ میں بھی کسی بھی ممکنہ کوشش اور مساعی سے دریغ نہیں کریں گے۔

ضبط و ترتیب :۔ عبدالقیوم حقانی

---

(۷) **اسلام اور عصرِ حاضر**
از مولانا سمیع الحق مدظلہ — عصرِ حاضر کے تمدنی، معاشی، اخلاقی، سائنسی، آئینی، تعلیمی اور معاشرتی مسائل میں اسلام کا موقف، عصرِ حاضر کے علمی و دینی فتنوں اور فرقِ باطلہ کا تعاقب، بیسویں صدی کے کارزارِ حق و باطل میں اسلام کی بالادستی کی ایک ایمان افروز جھلک، مغربی تہذیب کا تجزیہ — پیش لفظ از مولانا سید ابوالحسن علی ندوی — صفحات ۴۶۰ سنہری ڈائی دار جلد، قیمت ۹۰/ روپے

(۹) **کاروانِ آخرت**
از نتائج قلم مولانا سمیع الحق مدظلہ — مشاہیر علماء، مشائخ، سیاسی زعماء، عالمی سیاستدانوں، ادباء، شعراء اور اہم شخصیات کی وفات پر مدیر "الحق" مولانا سمیع الحق مدظلہ کے سحر نگار قلم سے تعزیتی تاثرات، شذرات اور تبصرے — ترتیب مولانا محمد ابراہیم فانی
مضبوط ڈائی دار جلد، صفحات ۴۴۶، قیمت ۷۵/ روپے

مؤتمر المصنفین — دارالعلوم حقانیہ — اکوڑہ خٹک — پشاور